ISSUE 33 JAN-MAR 2022

# PULSE

NEWSLETTER




# Metals

Pakistan Mercantile Exchange | YOUR FUTURES EXCHANGE, THE EXCHANGE OF THE FUTURE

PMEX

# Pakistan Mercantile Exchange Limited (PMEX)

is Pakistan's first and only multi-commodity futures exchange, which is licensed and regulated by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP). Shareholders of PMEX include National Bank of Pakistan (NBP), Pakistan Stock Exchange Limited (PSX), ISE Towers REIT Management Company Limited, LSE Financial Services Limited, Pak Brunei Investment Company Limited, Zarai Taraqiati Bank Limited and Pak Kuwait Investment Company Limited.

The Exchange offers a diverse range of domestic and international commodities and financial futures. With a sophisticated infrastructure based on state-of-the-art technology, PMEX provides a complete suite of services, i.e. trading, clearing and settlement, custody as well as back office, all under one roof. PMEX's international affiliations include membership of Association of Futures Markets (AFM) and Memorandum of Understanding (MoUs) with Borsa Istanbul, Izmir Commodity Exchange, Dubai Gold & Commodity Exchange, Dalian Commodity Exchange, Iran Mercantile Exchange and Belarusian Universal Commodity Exchange.



**Disclaimer**
This newsletter is for information purpose only and does not constitute an offer or solicitation to make an investment in Commodity Futures Contracts which carries risk. Any views, expressions or opinions expressed in this document are solely for providing information to readers.

Publication of the Marketing
Dept. of PMEX
Design by: d.Studio
Printer: Appletree Graphics



# CONTENTS


01 Message from the Desk of Managing Director

02 PMEX Enhances Customer Experience through Digitalization

03 Trading in Commodity Futures through Roshan Digital Account

03 PMEX Meets TDAP Officials

04 PMEX at 22nd MAP Convention

05 PMEX Extends Trading Hours

05 Awareness Programs

06 PMEX at Career Fairs

07 Circulars and Notifications

08 Top Ten Brokers

09 PMEX Highlights

10 Price Trend of Commodities



## Pakistan Mercantile Exchange Limited

**Head Office:** 3B, 3rd Floor, Bahria Complex IV,
Ch. Khalique-uz-Zaman Road, Gizri, Karachi – 75600, Pakistan.
UAN: (+92-21) 111-623-623
Fax: (+92-21) 35155-022
Email: info@pmex.com.pk

**Islamabad Office:** Office No. G-9(B), ISE Towers, Jinnah Avenue Blue Area, Islamabad. Tel: (+92-51) 2894003-4

**Lahore Office:** Office No. 3, Mezzanine Floor, Al Qadir Heights 1 Babar Block, New Garden Town, Lahore.

**Customer Support Services**
UAN: (+92-21) 111-11-PMEX (7639)
Email: support@pmex.com.pk

# Message from the Desk of Managing Director



## Welcome to the first issue of Pulse 2022.

You would be pleased to know that the growth of the Exchange has accelerated in almost all areas during the last calendar year. This pace of progress has placed PMEX in a very strong position for coming times. In addition to significant improvement in the trading volumes, the Exchanges ensured to provide new and improved services such as automation of Direct Fund Model and on-line account opening functionality in line with its goal to be the retail platform for the financial services in the country.

With regards to cash settled international commodities, the Exchange is offering almost all liquid commodities being offered internationally and is now focusing on retail of local financial products such as T-Bills/ PIBs etc. for its clientele. Moreover, small denomination contracts of certain international commodities are also being considered to cater to the retail demand.

On the physical/deliverable side of the business, the initiative of the Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) with regards to introduction of Electronic Warehouse Receipt (EWRs) regime has started bearing fruit as more and more receipts are now being issued. Although trading of these receipts has not commenced on the Exchange as yet, it is only a matter of time before it becomes the preferred mode for trading in the market and Exchange on its part is fully prepared for it. In parallel, PMEX established an e-commerce platform for the export of Pakistani Commodities under its wholly-owned subsidiary namely Global Commodity Trading Platform (GCTP). The platform will showcase local commodities to the global buyers with the promise to deliver the quality assured commodities to the port of their choice and can seamlessly connect to the EWR regime providing local producers access to international markets in addition to the local market. Test transactions are currently being conducted to validate the system before going for live operations in the early second half of 2022.

Another area where the Exchange has worked relentlessly is bringing the trading of physical gold to its platform in order to regularize its trade and ensure its availability at the retail level. You would be pleased to know that the Exchange is ideally poised and in discussion with the government to be the official gold platform for the trade of gold within the country on the back of the direct fund model.

The Exchange is confident that these initiatives will create a new ecosystem for the trading of commodities, both locally and globally, empowering the commodity producers and sellers to optimize their earnings as well as boost the competitiveness of the agriculture sector and enhance Pakistan's image in the global markets.

**Ejaz Ali Shah**
Managing Director

# PMEX Enhances Customer Experience through Digitalization

As digital technologies have changed the way customers think, it has caused a significant shift in their buying behavior as well. Fully cognizant of this shift, the Exchange remained proactive in elevating the customer experience through digitalization. Against this backdrop, the Exchange followed a two-pronged strategy: implementation of a fully Automated Direct Fund Model (DFM) and introduction of online account opening for retail customers.

## Automated Direct Funds Model

In 2019, the Exchange introduced the Direct Funds Model (DFM) to directly collect funds from clients as well as transfer funds to the bank accounts of clients without the involvement of broker(s). However, the DFM had certain manual processes due to which funds collection was time-consuming and cumbersome at times.

To provide a fast and frictionless customer experience, the Exchange introduced an Automated Direct Funds Model (ADFM) functionality that became effective on Monday, March 7, 2022. With this new facility, brokers and their customers can avail several additional benefits that include: fast and secure funds transfer, lesser time for funds verification and posting, direct funds posting to broker/customer ledger account, no requirement for deposit placement in MT5 Back Office (BO) etc. Going forward, the Exchange remains committed to further automate and improve the functionality to better serve its clients.




## Online Account Opening Facility

The Exchange is fully cognizant that digitalization can greatly enhance its capacity to bring retail clients on to the Exchange trading platform. Therefore, PMEX commenced work on streamlining the account opening procedure through digital customer onboarding. The Exchange in collaboration with the National Clearing Company of Pakistan Limited (NCCPL) has introduced Online Account Opening facility for individual customers.

At present, the Exchange is facilitating the brokers to expeditiously adopt the digital onboarding mechanism to cultivate new clients. The facility also provides an opportunity to PMEX brokers (who are equity brokers as well) to encourage their equity clients to open PMEX accounts. As PMEX account opening is free of cost, these clients will be empowered to invest in physical gold and other products being offered at the PMEX trading platform and better manage their risk. Being a digitized Exchange, the clients from across the country can join the Exchange and avail its services seamlessly.

The Exchange is confident that both the facility of ADFM and Online Account Opening will provide a secure, fast and seamless customer experience that will boost the confidence of the customers, encourage the use of technology and foster financial inclusion. It is expected that these facilities would revolutionize the trading of commodity futures in Pakistan and contribute significantly to the economic growth of the country.

# Trading in Commodity Futures through Roshan Digital Account

In 2020, the State Bank of Pakistan (SBP), in collaboration with commercial banks operating in Pakistan launched Roshan Digital Account (RDA) - a banking facility available to Non-Resident Pakistanis (NRPs). This facility allows Pakistani nationals living abroad to have access to banking services within Pakistan without having to visit the consulate, embassy or a physical bank branch. These accounts provide an efficient, secure and convenient mechanism for millions of Non-Resident Pakistanis (NRPs) keen in undertaking banking, payment and investment activities in Pakistan.

PMEX has sought approval from the SBP to allow NRPs to trade commodity futures through RDA. In this regard, the Exchange has commenced work in collaboration with the Central Depository Company (CDC) to enable the trading of commodity futures through RDA.

The Exchange is confident that trading of commodity futures through RDA will boost foreign exchange reserves of the country, provide additional market liquidity and hedging of price risk.

# PMEX Meets TDAP Officials

A delegation led by Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director PMEX and Chairman Global Commodity Trading Platform (GCTP), comprising Zahid Mansoor Ali, Chief Business Officer PMX and Syed Najam Ali, Chief Executive Officer GCTP visited the Trade Development Authority of Pakistan (TDAP) office to meet Mr. Hassan Ali Mangi, Secretary of the Authority.



The purpose of the meeting was to apprise the TDAP leadership about the Global Commodity Trading Platform (GCTP), a fully owned subsidiary of PMEX. Mr. Shah gave a detailed presentation about GCTP. While speaking about the significance of GCTP, Mr. Shah informed that GCTP will offer an e-commerce platform for trading of physical commodities. This digital platform will facilitate the Pakistani commodity sellers to sell their commodities to global buyers electronically and offer an end-to-end trade process through a one-window solution. The digital platform will act as a catalyst in enhancing the exports of Pakistan.

Mr. Mangi thanked Mr. Shah and his team for providing insight into GCTP. In addition to assuring whatever support that may be required in this regard, Mr. Mangi appreciated the efforts of the Exchange and expressed hope that GCTP would not only simplify the export process, but would also enhance the experience of both, the buyers and sellers.

# PMEX at 22nd MAP Convention




Management Association of Pakistan (MAP) hosted the 22nd Convention titled "Leadership & Governance in Changing Times" on March 17, 2022 in Karachi. PMEX was one of the partners at the convention. Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director PMEX was presented a memento by Mr. Amir Khan, Chairman SECP in appreciation for supporting the event.

On this occasion, Mr. Zahid Mansoor Ali, Chief Business Officer PMEX, delivered a keynote speech on "Pakistan's Commodity Futures Exchange for the Future". The key highlights of his speech were Progress of the Exchange, Core Function of PMEX, Price Hedging at PMEX, Documentation of the Economy (agri & non agri sector) and Digitalization at the Exchange.

He informed the audience that PMEX, under the able guidance of the Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP), is working closely with the Government of Pakistan in propagation of the Electronic Warehouse Receipt (EWR) regime and documentation of physical trading of gold through the Exchange.

While elaborating on digitalization, Mr. Zahid talked about the Global Commodity Trading Platform (GCTP) – an upcoming e-commerce platform for the trading of commodities. He said that launching of this platform will be a historic milestone as it will revolutionize the way sellers and buyers trade commodities not only in Pakistan, but globally. He further said that the integration of a documented local commodity market with GCTP would not only result in opening new international markets for the indigenous producers/ sellers of commodities, but also increase the exports thereby increasing the foreign exchange reserves of the country.




# PMEX Extends Trading Hours

The Exchange has extended trading to 22 hours from 21 hours. The new timings were made effective from February 21, 2022. This is an important milestone in the history of PMEX. This will take the Exchange one step closer to offering round the clock trading facility, allowing customers to trade at their convenience.

# Awareness Programs

## Futures Trading 101

The Exchange conducted several online training sessions under the banner "Futures Trading 101". A wide array of people from different walks of life participated in these sessions. The training provided in-depth knowledge about futures trading at the regulated platform of PMEX.

The weekly free-of-cost online training sessions are held on every Wednesday from 4:00 pm to 5:00 pm.

## Awareness session for brokers and their clients

The Exchange aims at raising awareness about the trading of commodity futures amongst the various investor groups in Pakistan, to enable them to invest, trade and hedge at the regulated platform of PMEX. In line with this objective, the exchange conducted a series of webinars on "Exploring Commodity Futures Trading at PMEX" in collaboration with its leading brokers.

PMEX conducted exclusive webinars with Zaffar Securities, Blink Capital, OBOX Gold and A. A. Gold about the trading of commodity futures for their existing and potential customers. These webinars comprised of a one-hour presentation followed by a Q&A session. During the webinars, the participants were briefed about PMEX Product Suite, Electronic Trading System - Metatrader 5, Automated Direct Fund Model, Digital Account Opening, Trading Guidelines and Investor Grievance Redressal Mechanism.

Moving forward, PMEX plans to conduct webinars/seminars in collaboration with the brokers located throughout the country to increase awareness and understanding of the trading of commodity futures.



## Awareness Sessions for Educational Institutes

PMEX organized awareness sessions for the students and faculty members of the following educational institutes:



- Dow University, Mohammad Ali Jinnah University for Women - Karachi
- Shaheed Zulfikar Ali Bhutto Institute of Science and Technology (SZABIST) – Hyderabad
- British Education & Training System (BETS) – Lahore
- University of Management and Technology (UMT) – Lahore
- Capital University of Science and Technology – Lahore
- The University of Central Punjab - Lahore
- Kinnaird College – Lahore
- SZABIST - Islamabad
- National University of Modern Languages (NUML) – Islamabad

The participants were briefed about commodity futures trading at a regulated platform, Exchange's integrated business model, technology infrastructure and existing and upcoming products. To familiarize the newcomers with the trading of commodity futures the students were briefed about MetaTrader 5 Demo Trading facility.

# PMEX at Career Fairs

PMEX participated in career fairs organized by Habib University and Bahria University. The purpose of participation in these fairs was to offer an opportunity to new and graduating students along with the alumni to meet the team of Pakistan's first and only multi-commodity futures exchange and discuss with them the opportunities of internships and employment.

Ms. Faiza Hussain, Head of Human Resources, conducted engaging and interactive sessions. She briefed the students and the faculty members about the core business of the Exchange with especial emphasis on recruitment process. The participants watched the presentation with keen interest and also actively participated in Q&A sessions.





# Circulars and Notifications

### February 07, 2022

All brokers were informed that in addition to existing account opening facility, PMEX offers online account opening facility for individual clients in collaboration with National Clearing Company of Pakistan Limited (NCCPL). All those brokers who only work with PMEX were instructed to synchronize their systems with NCCPL through Application Programming Interface (API). All those brokers who work with PMEX as well as Pakistan Stock Exchange were advised to incorporate minor changes in their systems, which are already synched with NCCPL Application Programming Interface (API).

### February 18, 2022

All market participants were informed that the Exchange has extended trading time to 22 hours, from existing 21 hours. The new timings became effective on February 21, 2022. This initiative will take the Exchange closer to offering round the clock trading facility, allowing customers to trade at their own convenience.

### March 01, 2022

The Exchange informed all market participants about launching of fully automated Direct Fund Model (DFM) in collaboration with MCB Bank. They were informed that the facility offered by Meezan Bank will also be available for a limited time. The fully automated DFM will enhance customers' experience and boost their confidence to trade commodity futures at PMEX.

### March 07, 2022

Keeping in view growing geopolitical uncertainty due to Russia-Ukraine conflict, all brokers were advised to adopt and effectively implement appropriate risk mitigation procedure over and above PMEX's risk management regime.

### March 10, 2022

All brokers were informed that due to daylight saving coming into effect in the United Sates, the market timings for international commodity futures would be revised from Monday, March 14, 2022.

### March 14, 2022

All market participants were informed that in order to facilitate market participants and ensure seamless trading, the Exchange has revised client-wise positions and maximum order sizes with effect from Monday, March 21, 2022.

### March 14, 2022

All market participants were informed that the Exchange has launched automated Direct Fund Model in collaboration with MCB Bank. They were informed that previous facility offered by Meezan would be available for a limited period. Through this circular they were informed that with effect from April 0, 2022 the Exchange would completely switch to MCB Bank and Meezan Bank facility will no longer be available.

### March 29, 2022

The Exchange issued a reminder to all market participants that after the complete switch over to Automated Direct Funds Model offer by MCB Bank, Meezan Bank facility will no longer be available beyond March 31, 2022.

---

To learn more about the aforementioned circulars & notifications, log onto **www.pmex.com.pk.**



# TOP TEN BROKERS

January – March 2022

| Ranking | Based on Traded Contracts | Based on Traded Value |
|---|---|---|
| 1 | H.G Markets (Pvt.) Limited | H.G Markets (Pvt.) Limited |
| 2 | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited | A.A. Gold Commodities (Pvt.) Limited |
| 3 | Enrichers (Pvt.) Limited | Trust Securities & Brokerage Limited |
| 4 | A.A. Gold Commodities (Pvt.) Limited | Khawaja Securities (Pvt.) Limited |
| 5 | Blink Capital Management (Pvt.) Limited | Blink Capital Management (Pvt.) Limited |
| 6 | Trust Securities & Brokerage Limited | Enrichers (Pvt.) Limited |
| 7 | Khawaja Securities (Pvt.) Limited | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited |
| 8 | Zafar Securities (Pvt.) Limited | Zafar Securities (Pvt.) Limited |
| 9 | BIPL Securities Limited | Nachfolger (Pvt.) Limited |
| 10 | IGI Finex Securities Limited | Empower Commodities (Pvt.) Limited |



Total contracts traded

**930,608**

Total Rupee Value Traded

**112.456** billion


Number of active Brokers

**46**


# PMEX Highlights

# پی ایم ای ایکس کی شہ سرخیاں

## PMEX VOLUME COMPARISON WITH PAKISTAN STOCK EXCHANGE
**in PKR Billions**





## TRADED VOLUME




## VOLUME OF 14 MAJOR COMMODITIES
**in PKR Billions**




## NEW UNIs



# دس سرفہرست بروکرز

جنوری ۔ مارچ 2022

| درجہ | تجارتی معاہدوں کی بنیاد پر | تجارتی مالیت کی بنیاد پر |
|---|---|---|
| ۱ | ایچ جی مارکیٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ | ایچ جی مارکیٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۲ | عارف حبیب کموڈیٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | اے۔اے۔گولڈ کموڈیٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۳ | این ریچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | ٹرسٹ سیکیورٹیز اینڈ بروکریج لمیٹڈ |
| ۴ | اے۔اے۔گولڈ کموڈیٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | خواجہ سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۵ | بلنک کیپٹل مینجمنٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ | بلنک کیپٹل مینجمنٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۶ | ٹرسٹ سیکیورٹیز اینڈ بروکریج لمیٹڈ | این ریچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۷ | خواجہ سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | عارف حبیب کموڈیٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۸ | ظفر سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | ظفر سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۹ | بی آئی پی ایل سیکیورٹیز لمیٹڈ | نیشفونگر (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۱۰ | آئی جی آئی فائنکس سیکیورٹیز لمیٹڈ | ایمپاور کموڈیٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |

کل تجارتی معاہدے

**930,608**

کل تجارتی رقم

**112.456**

بلین روپے

ایکٹیو بروکرز کی تعداد

**46**



# سرکلرز اینڈ نوٹیفکیشنز

**07 فروری 2022**

تمام بروکرز کو اطلاع دی گئی کہ اکاؤنٹ کھولنے کی موجودہ سہولت کے علاوہ پی ایم ای ایکس نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (این سی سی پی ایل) کے تعاون سے انفرادی کلائنٹس کے لیے آن لائن اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ وہ تمام بروکرز جو صرف پی ایم ای ایکس کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ ان کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے سسٹم کو این سی سی پی ایل کے ساتھ ایپلی کیشن پروگرامنگ انٹرفیس (اے پی آئی) کے ذریعے ہم آہنگ کریں۔

وہ بروکرز جو پی ایم ای ایکس کے ساتھ ساتھ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے ساتھ کام کرتے ہیں، انہیں اپنے سسٹم میں معمولی تبدیلیاں کرنے کی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ پہلے سے این سی سی پی ایل کے ایپلی کیشن پروگرامنگ انٹرفیس (اے پی آئی) کے ساتھ ہم آہنگ کرلیں۔

**18 فروری 2022**

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو مطلع کیا گیا کہ ایکسچینج نے ٹریڈنگ کا وقت موجودہ 21 گھنٹوں سے بڑھا کر 22 گھنٹے کردیا ہے۔ نئے اوقات کار 21 فروری سے نافذ العمل ہوں گے۔ یہ قدم ایکسچینج کو چوبیس گھنٹوں کی ٹریڈنگ کی سہولت سے قریب تر لے جائے گا۔ جس کی بدولت کسٹمرز اپنی سہولت کے مطابق ٹریڈنگ کرسکیں گے۔

**01 مارچ 2022**

ایکسچینج نے مارکیٹ کے تمام شرکاء کو آگاہ کیا کہ ایم سی بی بینک کے تعاون سے مکمل طور پر خودکار ڈائریکٹ فنڈ ماڈل متعارف کرایا جارہا ہے۔ انہیں یہ بھی اطلاع دی گئی کہ میزان بینک کی جانب سے پیش کی جانے والی سہولت محدود مدت کے لیے دستیاب رہے گی۔ مکمل طور پر خودکار ڈی ایف ایم سے استعمال کنندگان کے تجربے میں اضافہ ہوگا اور پی ایم ای ایکس پر کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ کے بارے میں ان کا اعتماد مزید بڑھے گا۔

**07 مارچ 2022**

روس۔ یوکرائن تنازعہ کی وجہ سے بڑھتی ہوئی جغرافیائی سیاسی غیر یقینی صورت حال کو مدنظر رکھتے ہوئے، تمام بروکرز کو ہدایت کی گئی کہ وہ پی ایم ای ایکس کے خطرے کے نظام سے زیادہ خطرات پر قابو پانے کے لیے مناسب طریقہ کار اپنائیں اور اس پر مؤثر طریقے سے عمل کریں۔

**10 مارچ 2022**

تمام بروکرز کو مطلع کیا گیا کہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں ڈے لائٹ سیونگ سسٹم کے نفاذ کی وجہ سے انٹرنیشنل کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ کے اوقات میں پیر 14 مارچ 2022 سے تبدیلی کی جائے گی۔

**14 مارچ 2022**

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو مطلع کیا گیا کہ ان کو بہتر سہولت فراہم کرنے اور ٹریڈنگ کو بغیر کسی رکاوٹ کے یقینی بنانے کے لیے ایکسچینج نے کلائنٹ کے لحاظ سے پوزیشنز اور آرڈرز کے زیادہ سے زیادہ سائز پر نظرثانی کی گئی ہے جو پیر 21 مارچ 2022 سے نافذ العمل ہوں گی۔

**14 مارچ 2022**

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو مطلع کیا گیا کہ ایکسچینج نے ایم سی بی بینک کے تعاون سے خودکار ڈائریکٹ فنڈ ماڈل متعارف کرایا تھا تاہم میزان بینک کے تعاون سے متعارف کرائی جانے والی سہولت محدود مدت تک دستیاب رہے گی۔ اس سرکلر کے ذریعے انہیں اطلاع دی گئی کہ 01 اپریل 2022 سے یہ سہولت صرف ایم سی بی بینک کے ذریعے فراہم کی جائے گی اور میزان بینک کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہولت دستیاب نہیں رہے گی۔

**29 مارچ 2022**

ایکسچینج نے مارکیٹ کے تمام شرکاء کو یاد دہانی کرائی کہ ایم سی بی بینک کے تعاون سے فراہم کی جانے والی خودکار ڈائریکٹ فنڈ ماڈل کی سہولت واحد سہولت ہوگی اور میزان بینک کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہولت 31 مارچ 2022 کے بعد دستیاب نہیں ہوگی۔

مندرجہ بالا سرکلرز اور نوٹیفکیشنز کے بارے میں مزید جاننے کے لیے www.pmex.com.pk پر لاگ ان کریں۔



- ڈاؤ یونیورسٹی، محمد علی جناح یونیورسٹی برائے خواتین ۔ کراچی
- شہید ذوالفقار علی بھٹو انسٹی ٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ۔ حیدر آباد
- برٹش ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ سسٹم (بی ای ٹی ایس) ۔ لاہور
- یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی ۔ لاہور
- کیپیٹل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ۔ لاہور
- یونیورسٹی آف سینٹرل پنجاب ۔ لاہور
- کینارڈ کالج ۔ لاہور
- شہید ذوالفقار علی بھٹو انسٹی ٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ۔ اسلام آباد
- نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز (نمل) ۔ اسلام آباد

شرکاء کو ایک ریگولیٹڈ پلیٹ فارم پر کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ، ایکسچینج کے مربوط بزنس ماڈل، ٹیکنالوجی انفرااسٹرکچر اور موجودہ اور آئندہ متعارف کرائے جانے والے پراڈکٹس کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ نئے آنے والوں کو کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ سے آگاہ کرنے کے لیے طلباء کو میٹا ٹریڈر 5 کی ڈیمو ٹریڈنگ سہولت کے بارے میں تفصیلات فراہم کی گئی۔

# پی ایم ای ایکس کی کیریئر فیرز میں شرکت






پی ایم ای ایکس نے حبیب یونیورسٹی اور بحریہ یونیورسٹی میں ہونے والے کیریئر فیرز میں شرکت کی۔ ان فیرز میں شرکت کا مقصد نئے اور فارغ التحصیل طلباء کے ساتھ سابق طلباء کو پاکستان میں قائم پہلے اور واحد ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج سے روشناس کرنا اور ان کو انٹرن شپ اور روزگار کے مواقع کے بارے میں معلومات فراہم کرنا اور تبادلۂ خیالات کرنا تھا۔

ہیومن ریسورسز ڈیپارٹمنٹ کی سربراہ محترمہ فائزہ حسین نے دلچسپ اور دوطرفہ گفتگو کی۔ انہوں نے طلباء کو پی ایم ای ایکس میں ملازمت کے مواقع کے بارے میں معلومات فراہم کیں۔ ایکسچینج کے کاروبار کے بنیادی ماڈل کے بارے میں آگاہی فراہم کی۔ پروگرامز کے شرکاء نے پریزنٹیشن میں گہری دلچسپی لی اور سوال و جواب کے سیشن میں بھرپور حصہ لیا۔

# پی ایم ای ایکس میں تجارتی اوقات میں توسیع




ایکسچینج نے ٹریڈنگ کے اوقات کار 21 گھنٹے سے بڑھا کر 22 گھنٹے کر دیے ہیں۔ جو 21 فروری 2022 سے نافذ کر دیے گئے ہیں۔ یہ پی ایم ای ایکس کی تاریخ میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔ یہ قدم ایکسچینج کی جانب سے 24 گھنٹے ٹریڈنگ کی سہولت سے قریب تر کرتا ہے۔ جس سے اس کے کسٹمرز اپنی سہولت کے مطابق جس وقت چاہیں گے، ٹریڈنگ کر سکیں گے۔

## آگاہی پروگرامز

### فیوچرز ٹریڈنگ 101


ایکسچینج نے "فیوچرز ٹریڈنگ 101" کے بینر کے تحت کئی آن لائن تربیتی سیشنز منعقد کیے۔ ان سیشنز میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ان ٹریننگ سیشنز میں ایک ریگولیٹڈ ٹریڈنگ پلیٹ فارم پر فیوچرز کی ٹریڈنگ کے فوائد کے بارے میں شرکاء کو معلومات فراہم کی گئیں۔

یہ بلا معاوضہ آن لائن ٹریننگ سیشنز ہر ہفتے بدھ کے دن 4:00 بجے سے 5:00 بجے تک منعقد کیے جاتے ہیں۔

### بروکرز اور ان کے کلائنٹس کے لیے آگاہی سیشنز

ایکسچینج کا ایک مقصد پاکستان میں سرمایہ کاری کے مختلف گروپس کو آگاہی فراہم کرنا ہے تاکہ وہ پی ایم ای ایکس کے ریگولیٹڈ پلیٹ فارم پر سرمایہ کاری، تجارت اور ہیجنگ کر سکیں۔ اس سلسلہ میں پی ایم ای ایکس نے اپنے نامور بروکرز کے تعاون سے ویب نارز کی ایک سیریز منعقد کی جس کا عنوان تھا 'پی ایم ای ایکس پر کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ کی جان کاری'۔

پی ایم ای ایکس نے یہ ویب نارز ظفر سیکیورٹیز، بلنک کیپیٹل، اوبا کس گولڈ اور ڈبل اے گولڈ کے تعاون سے منعقد کیے۔ ان ویب نارز میں تقریباً ایک گھنٹے کی پریزنٹیشن اور اس کے بعد ہونے والے سوال و جواب شامل تھے۔ ان ویب نارز میں شرکاء کو پی ایم ای ایکس کا مصنوعات کا مجموعہ، الیکٹرانک ٹریڈنگ سسٹم میٹاٹریڈر 5، خودکار ڈائریکٹ فنڈ ماڈل، ڈیجیٹل اکاؤنٹ اوپننگ، تجارت کے رہنما اصول اور سرمایہ کاروں کی شکایات کے ازالے کا طریقہ کار کے موضوعات پر تفصیلات فراہم کی گئیں۔



آئندہ وقت میں پی ایم ای ایکس ملک بھر میں موجود بروکرز کے ساتھ مل کر ویب نارز اور سیمینارز منعقد کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تاکہ کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ کے بارے میں جان کاری میں اضافہ کیا جا سکے۔

### تعلیمی اداروں کے لیے آگاہی سیشنز

پی ایم ای ایکس نے مندرجہ ذیل تعلیمی اداروں کے طلباء اور فیکلٹی ممبرز کے لیے آگاہی سیشنز منعقد کیے گئے:

# پی ایم ای ایکس کی ایم اے پی کنونشن میں شرکت




17 مارچ 2022 کو مینجمنٹ ایسوسی ایشن آف پاکستان (ایم اے پی) نے کراچی میں اپنے 22 ویں کنونشن کا انعقاد کیا، جس کا عنوان تھا "بدلتے وقت میں قیادت اور حکمرانی" پی ایم ای ایکس اس کنونشن کو منعقد کرنے والے شراکت داروں میں سے ایک تھا۔ پی ایم ای ایکس کے مینیجنگ ڈائریکٹر جناب اعجاز علی شاہ کو ایس ای سی پی کے چیئرمین جناب عامر خان نے تقریب کے انعقاد میں تعاون کے صلہ میں ایک یادگاری تحفہ پیش کیا۔

اس موقع پر جناب زاہد منصور علی، چیف بزنس آفیسر پی ایم ای ایکس نے "مستقبل کے لیے پاکستان کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج" کے عنوان سے کلیدی تقریر کی۔ ان کی تقریر کے اہم نکات تھے: ایکسچینج کی پیش رفت، پی ایم ای ایکس کا بنیادی کام۔ یہاں قیمت کی تبدیلی کے خطرے پر قابو پانے کا طریقہ، معیشت میں دستاویز کی تیاری (زرعی اور غیر زرعی شعبہ میں) اور ایکسچینج میں ڈیجیٹلائزیشن۔

انہوں نے حاضرین کو بتایا کہ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی رہنمائی میں پی ایم ای ایکس الیکٹرانک ویئر ہاؤس رسید (ای ڈبلیو آر) کے نظام کے فروغ اور سونے کی فزیکل ٹریڈنگ کی دستاویز کی تیاری میں حکومت پاکستان کی معاونت کر رہا ہے۔

ڈیجیٹلائزیشن کے بارے میں تفصیلات بتاتے ہوئے انہوں نے گلوبل کموڈٹی ٹریڈنگ پلیٹ فارم (جی سی ٹی پی) کے بارے میں اہم تفصیلات بتائیں۔ کموڈٹیز کی تجارت کے لیے قائم کیا جانے والا یہ ای کامرس پلیٹ فارم ایک تاریخی سنگ میل ہے۔ یہ پاکستان بلکہ عالمی سطح پر فروخت کنندگان اور خریداروں کے درمیان تجارت کے طریقوں میں انقلابی تبدیلیاں لائے گا۔ جی سی ٹی پی کے ذریعے مقامی کموڈٹی مارکیٹ اور بین الاقوامی مارکیٹس میں انضمام کے ذریعے کموڈٹیز کے مقامی پروڈیوسرز / بیچنے والوں کے درمیان روابط کے ذریعے نہ صرف نئی بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی ہوگی بلکہ ملک کی برآمدات میں بھی اضافہ ہوگا جس کے ذریعے ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہوگا۔

# روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کے زریعے کموڈٹی فیوچرز میں ٹریڈنگ

اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) نے پاکستان میں کام کرنے والے کمرشل بینکوں کے تعاون سے سال 2020 میں روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ (آر ڈی اے) کا آغاز کیا۔ بینکنگ کی یہ سہولت غیر ممالک میں رہنے والے پاکستانیوں کے لیے فراہم کی گئی ہے۔ اب بیرون ملک مقیم پاکستانی قونصل خانہ، سفارت خانہ یا کسی بھی بینک میں خود جائے بغیر پاکستان میں فراہم کی جانے والی خدمات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ اکاؤنٹ پاکستان میں بینکنگ، ادائیگیوں اور سرمایہ کاری کی سرگرمیاں شروع کرنے کے خواہش مند لاکھوں غیر ممالک میں مقیم پاکستانیوں کو ایک مؤثر، محفوظ اور آسان طریقہ فراہم کرتا ہے۔

پی ایم ای ایکس نے اسٹیٹ بینک سے غیر ممالک میں مقیم پاکستانیوں کے لیے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کے ذریعے کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ کی اجازت مانگی ہے۔ اس سلسلہ میں ایکسچینج نے سینٹرل ڈیپازیٹری کمپنی (سی ڈی سی) کے ساتھ مل کر کام شروع کر دیا ہے۔ تاکہ روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس کے ذریعے کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ کو ممکن بنایا جا سکے۔

ایکسچینج کو یقین ہے کہ آر ڈی اے کے ذریعے کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ سے ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہوگا۔ مارکیٹ میں لیکویڈٹی میں اضافہ ہوگا۔ اور قیمتوں میں ردوبدل کے خطرے پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔

# پی ایم ای ایکس کے وفد کی ٹی ڈی اے پی حکام سے ملاقات



جناب اعجاز علی شاہ، مینیجنگ ڈائریکٹر پی ایم ای ایکس اور چیئرمین گلوبل کموڈٹی ٹریڈنگ فارم (جی سی ٹی پی) کی قیادت میں ایک وفد نے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) کے سیکریٹری جناب حسن علی منگی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس وفد میں جی سی ٹی پی کے مینیجنگ ڈائریکٹر جناب نجم علی اور پی ایم ای ایکس کے چیف بزنس آفیسر جناب زاہد منصور علی شامل تھے۔

اس ملاقات کا مقصد ٹی ڈی اے پی کی قیادت کو جی سی ٹی پی کے بارے میں معلومات فراہم کرنا تھا۔ جی سی ٹی پی، پی ایم ای ایکس کا ایک مکمل ملکیتی ذیلی ادارہ ہے۔ شاہ صاحب نے اس موقع پر ایک تفصیلی پریزنٹیشن دی۔ جی سی ٹی پی کی اہمیت کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے شاہ صاحب نے بتایا کہ جی سی ٹی پی کموڈٹیز کی ٹریڈنگ کے لیے ایک ای کامرس پلیٹ فارم پیش کرتا ہے۔ یہ ڈیجیٹل پلیٹ فارم کموڈٹیز کے پاکستانی بیچنے والوں کو ایک الیکٹرانک پلیٹ فارم کے ذریعے اپنی کموڈٹیز فروخت کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے اور ون ونڈو آپریشن کے ذریعے اول تا آخر تجارت کا عمل مکمل کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ یہ ڈیجیٹل پلیٹ فارم پاکستان کی برآمدات کو بڑھانے میں کلیدی رول ادا کرے گا۔

منگی صاحب نے جی سی ٹی پی کے بارے میں بصیرت افروز معلومات فراہم کرنے پر شاہ صاحب اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ جی سی ٹی پی نہ صرف برآمدی عمل کو سہل بنائے گا بلکہ خریداروں اور بیچنے والوں کو بہترین تجربہ فراہم کرے گا۔ انہوں نے جی سی ٹی پی کو اپنے بہترین تعاون کا بھی یقین دلایا۔

# پی ایم ای ایکس میں ڈیجیٹلائزیشن کے ذریعے کسٹمرز کے تجربہ کو خوشگوار بنانے کی کوشش

ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز نے کسٹمرز کے سوچنے کے انداز کو بدل دیا ہے جس سے ان کے خریداری کے رویے میں نمایاں تبدیلیاں آئی ہیں۔ اس تبدیلی سے مکمل طور پر باخبر ایکسچینج، ڈیجیٹلائزیشن کے ذریعے کسٹمرز کے تجربہ کو بہتر بنانے کے لیے مسلسل کوشاں ہے۔ اس پس منظر میں ایکسچینج دوجہتی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے۔ جس میں آٹومیٹڈ ڈائریکٹ فنڈ ماڈل (ڈی ایف ایم) کا نفاذ اور ریٹیل کسٹمرز کے لیے آن لائن اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت شامل ہیں۔

## آٹومیٹڈ ڈائریکٹ فنڈ ماڈل

سال 2019 میں ایکسچینج نے ڈائریکٹ فنڈ ماڈل متعارف کرایا تھا، جس کے ذریعے ایکسچینج کلائنٹس سے براہِ راست فنڈز وصول کرتا ہے۔ اور بروکر کی شمولیت کے بغیر کلائنٹس کے اکاؤنٹ میں رقوم منتقل کی جاتی ہیں۔ تاہم ڈی ایف ایم میں کچھ عمل انسانی دخل کے بغیر مکمل نہیں کیے جاسکتے، جس کی وجہ سے فنڈز کی وصولی اور ادائیگیوں میں زیادہ وقت لگ جاتا تھا۔




کسٹمرز کو تیز رفتار اور بغیر کسی رُکاوٹ کے خوش گوار تجربہ فراہم کرنے کے لیے ایکسچینج نے آٹومیٹڈ ڈائریکٹ فنڈ ماڈل متعارف کرادیا ہے، جو پیر 07 مارچ 2022 سے نافذ العمل ہوگیا ہے۔ اس نئی سہولت کے ساتھ بروکرز اور ان کے کلائنٹس کئی اضافی فوائد حاصل کرسکتے ہیں۔
جس میں درج ذیل شامل ہیں: فنڈز کی تیز اور محفوظ منتقلی، فنڈز کی تصدیق اور پوسٹنگ میں کم وقت کا استعمال، بروکر/کسٹمرز لیجر اکاؤنٹ میں فنڈز کی براہِ راست منتقلی، ایم ٹی 5 بیک آفس (بی او) میں ڈپازٹ پلیسمنٹ کے بغیر کلائنٹس کو بہتر خدمات شامل ہیں۔

## آن لائن اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت

ایکسچینج اس بات سے مکمل طور پر آگاہ ہے کہ ڈیجیٹلائزیشن ریٹیل کلائنٹس کو
ایکسچینج کے ٹریڈنگ پلیٹ فارم پر لانے کی صلاحیت کو بڑھا سکتی ہے لہٰذا پی ایم ای ایکس نے ڈیجیٹل کسٹمر آن بورڈنگ کے ذریعے اکاؤنٹ کھولنے کے عمل پر کام کرنا شروع کردیا ہے۔ اس سلسلہ میں ایکسچینج نے نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (این سی سی پی ایل) کے تعاون سے انفرادی کسٹمرز کے لیے آن لائن اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت متعارف کررہا ہے۔

فی الحال، ایکسچینج بروکرز کو نئے کلائنٹس تیار کرنے کے لیے ڈیجیٹل آن لائن بورڈنگ میکنزم کو تیزی سے اپنانے کی سہولت فراہم کررہا ہے۔ یہ سہولت پی ایم ای ایکس کے ان بروکرز کو فراہم کی جارہی ہے جو ایکیوٹی بروکرز ہیں۔ چونکہ پی ایم ای ایکس میں اکاؤنٹ کھولنا بغیر کسی معاوضے کے ہے۔ ان کلائنٹس کو جو پی ایم ای ایکس کے پلیٹ فارم پر پیش کیے جانے والی فزیکل گولڈ کی ٹریڈنگ کی سہولت سے فائدہ اُٹھانا چاہتے ہیں اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ہیں اور درپیش خطروں پر بہتر طریقہ سے قابو پاسکتے ہیں۔ توقع کی جارہی ہے کہ یہ سہولت کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ میں انقلابی تبدیلیاں لائے گی اور ملک کی اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گی۔

# منیجنگ ڈائریکٹر کا پیغام



## سال 2022 کے پلس کے پہلے شمارے میں خوش آمدید

آپ کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ گذشتہ سال کے دوران ایکسچینج کے تمام شعبوں کی ترقی کی رفتار میں تیزی آئی ہے۔ ترقی کی اس رفتار نے پی ایم ای ایکس کو آنے والے دنوں میں ایک بہت مستحکم مقام پر پہنچا دینے میں مدد دی ہے۔ تجارتی حجم میں نمایاں اضافے کے علاوہ ایکسچینج نے اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ نئی اور بہتر خدمات فراہم کی جائیں۔ جس میں ڈائریکٹ فنڈ ماڈل کی آٹومیشن اور آن لائن اکاؤنٹ کھولنے کی خدمات نمایاں ہیں۔ ان کا مقصد ملک میں فنانشل سروسز کی فراہمی کے لیے ایکسچینج کو ایک ریٹیل پلیٹ فارم بنانا ہے۔

وہ تمام کموڈٹیز جن میں بین الاقوامی طور پر ٹریڈرز گہری دلچسپی لیتے ہیں ان کے کیش سیٹلڈ کنٹریکٹس متعارف کرانے کے بعد اب ایکسچینج مقامی فنانشل پراڈکٹس جن میں ٹریژری بلز اور پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز شامل ہیں ان کی ریٹیل لیول پر ٹریڈنگ کو یقینی بنانے کے لیے کام کر رہا ہے۔ مزید برآں بعض انٹرنیشنل کموڈٹیز کے کم مالیت کے کنٹریکٹس متعارف کرانے کے لیے غور کیا جا رہا ہے تاکہ ریٹیل لیول پر ان کی طلب کو پورا کیا جا سکے۔

فزیکل رڈلیوراایبل کاروبار کے سلسلہ میں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے الیکٹرانک ویئر ہاؤس رسید (ای ڈبلیو آر) کا نظام متعارف کرانے کے نتیجہ خیز نتائج حاصل ہو رہے ہیں۔ اور بڑی تعداد میں رسیدیں جاری ہونا شروع ہوگئی ہیں۔ اگرچہ ان رسیدوں کی ٹریڈنگ ایکسچینج پر شروع نہیں ہوئی ہے لیکن یہ صرف وقت کی بات ہے۔ توقع ہے کہ یہ تجارت کا ترجیحی طریقہ بن جائے گا۔ ایکسچینج اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ پی ایم ای ایکس نے اپنا مکمل ملکیتی ذیلی ادارہ گلوبل کموڈٹی ٹریڈنگ پلیٹ فارم (جی سی ٹی پی) قائم کیا ہے۔ یہ ایک ای۔کامرس پلیٹ فارم ہے۔ اس کے ذریعے پاکستان میں پیدا ہونے والی زرعی اور غیر زرعی کموڈٹیز، بین الاقوامی خریداروں کو بیچنے کے لیے پیش کی جائیں گی۔ اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ خریداروں کو ان کی پسند کردہ پورٹس پر ان اشیاء کی ترسیل کو یقینی بنایا جا سکے۔ ان کے معیار کی باقاعدہ تصدیق کی جائے گی۔ اس پلیٹ فارم کو ای ڈبلیو آر کے نظام کے ساتھ منسلک کر دیا جائے گا تاکہ مقامی مارکیٹ اور بین الاقوامی مارکیٹس تک رسائی حاصل ہو سکے۔ اس سلسلہ میں ٹیسٹ ٹرانزیکشنز کی جا رہی ہیں تاکہ سسٹم کے قابل اعتماد ہونے کی تصدیق ہو سکے۔ توقع ہے کہ یہ سسٹم 2022 کی دوسری ششماہی کے شروع میں کام کرنا شروع کر دے گا۔

ایک اور شعبہ جہاں ایکسچینج مسلسل کام کر رہا ہے، وہ ہے سونے کی فزیکل تجارت کو اپنے پلیٹ فارم پر لانے کا تاکہ اس کی تجارت کو باقاعدہ اور قوانین کے تحت لایا جا سکے اور اس کی ریٹیل لیول پر دستیابی کو یقینی بنایا جا سکے۔ آپ کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ ایکسچینج کے پاس بھرپور صلاحیت ہے اور اس سلسلہ میں حکومت سے مشاورت جاری ہے کہ اس پلیٹ فارم کو سونے کی تجارت کا باقاعدہ پلیٹ فارم قرار دیا جا سکے اور ڈائریکٹ فنڈ ماڈل کی بنیاد پر کام کیا جا سکے۔

ایکسچینج کو یقین ہے کہ یہ اقدامات کموڈٹیز کی ٹریڈنگ کے لیے ایک نیا نظام تشکیل دینے میں مددگار ثابت ہوگا جہاں مقامی اور انٹرنیشنل کموڈٹیز کی ٹریڈنگ ہوگی، کموڈٹی پروڈیوسرز اور سیلرز کو مستحکم بنایا جا سکے گا تاکہ وہ اپنی آمدنی کو بڑھا سکیں، مسابقت کو بڑھایا جا سکے اور اس کو ساتھ ساتھ زرعی شعبہ کو اس قابل بنایا جا سکے کہ وہ ساری دنیا میں مقابلہ کر سکیں اور عالمی منڈیوں میں پاکستان کے نام کو روشن کر سکیں۔

**اعجاز علی شاہ**
منیجنگ ڈائریکٹر

# مندرجات


| | |
|---|---|
| ۱ | منیجنگ ڈائریکٹر کا پیغام |
| ۲ | پی ایم ای ایکس میں ڈیجیٹلائزیشن کے زریعے کسٹمرز کے تجربہ کو خوشگوار بنانے کی کوشش |
| ۳ | روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کے زریعے کموڈٹی فیوچرز میں ٹریڈنگ |
| ۳ | پی ایم ای ایکس کے وفد کی ٹی ڈی اے پی حکام سے ملاقات |
| ۴ | پی ایم ای ایکس کی ایم اے پی کنونشن میں شرکت |
| ۵ | پی ایم ای ایکس میں تجارتی اوقات میں توسیع |
| ۵ | آگاہی پروگرامز |
| ۶ | پی ایم ای ایکس کی کیریئر فیرز میں شرکت |
| ۷ | سرکلرز اینڈ نوٹیفکیشنز |
| ۸ | دس سرفہرست بروکرز |
| ۹ | پی ایم ای ایکس کی شہ سرخیاں |
| ۱۰ | اشیا کی قیمتوں کا رجحان |



## پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس)

**ہیڈ آفس:** 3-B، تھرڈ فلور، بحریہ کمپلیکس IV، چوہدری خلیق الزماں روڈ، گزری، کراچی۔ 75600
کراچی: 623-623-111 (21-92+)
فیکس: 022-35155 (21-92+)
ای میل: info@pmex.com.pk

**اسلام آباد آفس:** آفس نمبر جی ۔ ۹ (بی)، آئی ایس ای ٹاور، جناح ایونیو، بلواریا، اسلام آباد
اسلام آباد: 2894003-4 (51-92+)

**لاہور آفس:** آفس نمبر ۳، میزنائن فلور، القادر ہائیٹ ۱، بدر بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور

**کسٹمر سپورٹ سروسز**
UAN: (+92-21) 111-11-PMEX (7639)
Email: support@pmex.com.pk






## پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس)

پاکستان کا پہلا اور واحد ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج ہے جسے سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے لائسنس جاری کیا ہے اور وہی اس کو ریگولیٹ کرتا ہے۔اس کے شیئر ہولڈرز میں نیشنل بنک آف پاکستان (این بی پی)، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایس ایکس)، آئی ایس ای ٹاورز ریٹ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ، ایل ایس ای فنانشل سروسز لمیٹڈ، پاک برونائی انوسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ، زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ اور پاک کویت انوسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ شامل ہیں۔

ایکسچینج متنوع مقامی اور انٹرنیشنل کموڈٹیز اور فنانشل فیوچرز ٹریڈنگ کے لئے پیش کرتا ہے۔ اسٹیٹ آف دی آرٹ ٹیکنالوجی پر مشتمل ایک انتہائی جدید انفرااسٹرکچر کے ذریعے مکمل سہولیات ایک ہی چھت کے نیچے فراہم کی جاتی ہیں جس میں ٹریڈنگ، کلیئرنگ اینڈ سیٹلمنٹ، کسٹوڈی اور بیک آفس شامل ہیں۔پی ایم ای ایکس مختلف بین الاقوامی ایسوسی ایشنز سے وابستہ ہے جس میں ایسوسی ایشن آف فیوچرز مارکیٹ (اے ایف ایم) شامل ہے اور اس کے علاوہ پی ایم ای ایکس بورسا استنبول، ازمیر کموڈٹی ایکسچینج، دبئی گولڈ اینڈ کموڈٹی ایکسچینج (ڈی جی سی ایکس)، ڈالین کموڈٹی ایکسچینج، ایران مرکنٹائل ایکسچینج (آئی ایم ای) اور بیلاروژین یونیورسل کموڈٹی ایکسچینج کے ساتھ مفاہمتی معاہدے بھی کر چکا ہے۔

### اہم وضاحت

اس نیوز لیٹر میں فراہم کی جانے والی معلومات کا بنیادی مقصد قارئین میں آگاہی پیدا کرنا ہے۔ نہ تو یہ کسی قسم کی پیش کش ہے نہ ہی اس کا مقصد انکو کموڈٹی فیوچرز میں سرمایہ کاری کی ترغیب دینا ہے جو خطرہ سے مبرا نہیں۔ اس میں بیان کردہ خیالات، اظہار یا رائے کا مقصد پڑھنے والوں کو صرف معلومات فراہم کرنا ہے۔

پی ایم ای ایکس کے مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کی پبلیکیشن
ڈیزائن: d.Studio
پرنٹر: اینیل ٹری گرافکس

شمارہ ۳۳ جنوری۔ مارچ ۲۰۲۲

# پلس
## نیوزلیٹر




Pakistan Mercantile Exchange
PMEX

YOUR FUTURES EXCHANGE,
THE EXCHANGE OF THE FUTURE